## لیاری کےعوام گزشتہ تین دنوں سے دہشت گردوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے ہیں،الطاف حسین

## دہشت گردوں کے مسلح حملوں کے باعث لیاری کےعوام کے پاس کھانے پینے کی اشیاء بھی ختم ہوچکی ہیں

## مخیّر حضرات سے محفوظ طریقے سے لیاری کے عوام کوغذائی اجناس فراہم کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کریں

## نبیل گبول کے گھر پر مظاہرے کی آڑ میں حملے اور فائرنگ پر اظہار مذمت

## نبیل گبول اوران کے اہل خانہ کوہنگامی بنیادوں پرسیکوریٹی فراہم کی جائے،الطاف کا مطالبہ

## ایس ایچ اواور پولیس اہلکارسمیت بے گناہ شہریوں کی شہادت پر اظہارافسوس

لندن۔۔۔28،اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لیاری کی صورتحال پر انتہائی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک اوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ جن کے پاس صوبائی وزیرداخلہ کا قلمدان بھی ہے، سے مطالبہ کیا ہے کہ خدارالیاری کےعوام کو دہشت گردوں سے نجات دلائی جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ لیاری میں جرائم پیشہ دہشت گردوں نے پرامن عوام کا جینا دوبھر کررکھا ہے اور مسلح دہشت گرد جدید ترین ہتھیاروں سے پولیس اورعلاقے کےعوام پر حملے کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ لیاری کےعوام گزشتہ تین دنوں سے دہشت گردوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے ہیں،ان سنگین حالات میں لیاری کےعوام گھر سے باہر نکلتے ہوئے شدید خوف کا شکار ہیں اور دہشت گردوں کے مسلح حملوں کے باعث لیاری کےعوام کے پاس کھانے پینے کی اشیاء بھی ختم ہوچکی ہیں حتیٰ کہ معصوم بچوں کو دودھ تک میسر نہیں ہے۔جناب الطاف حسین نے مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ لیاری کےعوام کوغذائی اجناس فراہم کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کریں اور کسی بھی محفوظ طریقے سے لیاری کےعوام کوکھانے پینے کی اشیاء پہنچانے کا انتظام کرسکیں تو یہ بڑا نیک کام ہوگا۔

جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نبیل گبول کے گھر پر مظاہرے کی آڑ میں سینکڑوں افراد کے حملے اورشدید فائرنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز لیاری میں نبیل گبول پر قاتلانہ حملہ ہوچکا ہے لیکن افسوس کہ نبیل گبول اوران کے اہل خانہ کی جان ومال کے تحفظ کیلئے سیکوریٹی کا مناسب انتظام نہیں کیا گیا ہے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ نبیل گبول اوران کے اہل خانہ کوہنگامی بنیادوں پرسیکوریٹی فراہم کی جائے۔انہوں نے لیاری میں مسلح دہشت گردوں کے حملوں میں شہید ہونے والے ایس ایچ اوفواد خان اور پولیس اہلکارسمیت دیگر بیگناہ شہریوں کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور ہمت وجرات کے ساتھ دہشت گردوں سے نبردآزما ہونے پر پولیس افسران واہلکاروں کوزبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔آخر میں جناب الطاف حسین نے صدر، وزیراعظم، وفاقی وزیرداخلہ اوروزیراعلیٰ سندھ سے مطالبہ کیا کہ خدارالیاری کی سنگین صورتحال سے نمٹنے کیلئے فی الفور عملی اقدامات کئے جائیں اور حکومت لیاری کے مجبور وبے کس عوام کوکھانے پینے کی اشیاء فراہم کرنے کا خصوصی انتظام کرے۔

## ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی جانب سے کاشف عباسی کے خلاف سندھ ہائی کورٹ میں دائر کی گئی ہرجانے کی درخواست سماعت 15 مئی کیلئے منظور کرلی گئی

کراچی۔۔۔28،اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی جانب سے اصغرخان کیس کے حوالے سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین پر جھوٹا الزام عائد کرنے پر نجی ٹی وی چینل کے اینکر پرسن کاشف عباسی کے خلاف ہرجانے کیلئے دائر کی گئی درخواست سماعت کیلئے منظور کرلی گئی ہے۔سندھ ہائی کورٹ میں ایم کیوایم کی جانب سے کاشف عباسی کے خلاف دس ارب روپے ہرجانے کیلئے دائر کی گئی درخواست کی سماعت 15 مئی کو ہوگی۔ ہرجانے کیلئے دائر کی گئی درخواست میں ڈاکٹر فاروق ستار کے وکیل بیرسٹر فروغ نسیم نے مئوقف اختیار کیا کہ کاشف عباسی نے اصغرخان کیس کے مرکزی کرداروں کے واضح بیانات کے باوجود حقائق کوتوڑمروڑ کر پیش کیا اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے امیج کودانستہ خراب کرنے کی کوشش کی اوراس عمل سے جناب الطاف حسین کے کروڑوں چاہنے والے مداحوں کی دل آزاری ہوئی ہے۔

## لیاری میں ایس ایچ او سمیت 6 افراد کی ہلاکت کا فوری نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

## دہشت گردی کا نشانہ بننے والے فواد خان اور دیگر پولیس اہلکاروں اور شہریوں کے سوگوار لواحقین سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28 اپریل 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے لیاری میں مسلح جرائم پیشہ عناصر اور گینگ وار کے دہشت گردوں کی جانب سے پولیس کی بکتر بند گاڑی پر راکٹ سے حملے اور اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں سول لائن تھانے کے ایس ایچ او فواد خان سمیت 3 پولیس اہلکاروں اور دو شہریوں کی ہلاکت پر دلی رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے لیاری میں دہشت گردی کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق پولیس اہلکاروں اور شہریوں کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔رابطہ کمیٹی نے سندھ حکومت سے مطالبہ کیا کہ لیاری میں دہشت گردوں کی جانب سے سول لائن تھانے کے ایس ایچ او فواد خان سمیت 6 افراد کے ہلاکت کا فوری نوٹس لیا جائے اور دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرکے لیاری کے عوام کو دہشت گردوں کے چنگل سے نجات دلائی جائے۔رابطہ کمیٹی نے فائرنگ سے زخمی ہونیوالے پولیس اہلکاروں اور شہریوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مکمل صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیوایم غریب و متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کررہی ہے، انچارج صوبائی تنظیمی کمیٹی محمد حسین

## ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک کے موجودہ سیاسی نظام میں تبدیلی لاکر ایک ایسا سیاسی نظام قائم کیا جائے جس سے عوام کی معیار زندگی کو بہتر بنایا جاسکے، جوائنٹ انچارج صوبائی تنظیمی کمیٹی شبیر احمد قائمخانی

## گجرانوالہ زون کے زیراہتمام ضلع گجرانوالہ کے قلعہ دیدار سنگھ ٹاؤن میں جنرل ورکر اجلاس سے اظہارِ خیال

گجرانوالہ:۔۔۔28 اپریل 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ گجرانوالہ زون کے زیراہتمام ضلع گجرانوالہ کے قلعہ دیدار سنگھ ٹاؤن میں جنرل ورکر اجلاس ہوا۔جس سے ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی (پنجاب) کے انچارج محمد حسین اور جوائنٹ انچارج شبیر احمد قائمخانی نے اظہارِ خیال کیا۔اس موقع پر زونل انچارج عبدالکریم واراکین زونل کمیٹی کے علاوہ کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔اجلاس سے اظہارِ خیال کرتے ہوئے محمد حسین اور شبیر احمد قائمخانی نے کہا کہ ایم کیوایم غریب و متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک کے موجودہ سیاسی نظام میں تبدیلی لاکر ایک ایسا سیاسی نظام قائم کیا جائے جس سے عوام کی معیار زندگی کو بہتر بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں تمام قومیتوں کے درمیان پیار، امن اور بھائی چارے کو فروغ دینے کے لئے مسلسل کوشاں ہے جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں یہی وجہ ہے کہ ملک کے باشعور افراد ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر و فلسفے سے متاثر ہوکر ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔انہوں نے ایم کیوایم مخالف سازشی عناصر ایم کیوایم کیخلاف سازش کرنے میں مصروف ہیں اور ملک بھر میں ایم کیوایم کے بارے عوام کے ذہنوں میں منفی تاثر قائم کرکے انہیں ایم کیوایم سے متنفر کرنا چاہتے ہیں لیکن یہ سازشی عناصر بھول گئے ہیں کہ انہیں ایک بار دوبارہ پھر رسوائی کا سامنا کرنا پڑے گا کیونکہ ملک کے عوام ان سازشوں سے بخوبی واقف ہیں اور اب وہ اپنے اتحاد کے ذریعے تمام سازشوں کا ناکام بنادیں گے۔

## ایم کیوایم سکھر زونل کمیٹی کا زونل انچارج سکھر کے بھانجے کے انتقال پر اظہار افسوس

سکھر۔۔28 اپریل 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زونل کمیٹی نے یوسی 04 کے ہمدرد، زونل انچارج محمد قطب الدین اور شعبہ خواتین کی رُکن فہمیدہ باجی کے بھانجے عبدالواحد انصاری کے انتقال پر مرحوم کی رہائش گاہ جاکر تعزیت کی اور مرحوم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔بعدازاں انہوں نے مرحوم کی مغفرت درجات کی بلندی سمیت سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## پاکستان سے جاگیردارانہ ووڈیرانہ موروثی سیاست کا خاتمہ عوامی انقلاب کے بغیر نہیں ہوسکتا ہے، ایم کیوایم حیدرآباد زون

حیدرآباد۔۔۔28اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف وارا کین زونل کمیٹی نے کہا ہے کہ پاکستان سے جاگیردارانہ ووڈیرانہ موروثی سیاست کا خاتمہ عوامی انقلاب کے بغیر نہیں ہوسکتا ہے اور عام آدمی کو اسمبلیوں میں پہنچانا ایم کیوایم کے منشور کا حصہ ہے اور اس کا عملی مظاہرہ ایم کیوایم نے کر کے بھی دکھایا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم تبدیلی کا آغاز کر چکی ہے اب یہ سندھ، پنجاب، پختونخوا اور بلوچستان کے عوام کا کام ہے کہ وہ قائداعظم محمد علی جناح کے پاکستان کو بچانے کیلئے حق پرستوں کا ساتھ اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں اور عام آدمی میں سے پڑھے لکھے متوسط طبقے کے افراد کو الیکشن میں منتخب کروا کر اسمبلیوں میں پہنچائیں تاکہ اسمبلیوں میں کسانوں، ہاریوں، مزدوروں اور مڈل کلاس کی نمائندگی ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے عام لوگوں کو اسمبلیوں تک پہنچایا، جب بھی ایم کیوایم کو موقع ملا اس نے پاکستان میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروا کر عوام کو سہولیات دیں اور سرمایہ کاری کیلئے سہولیات فراہم کی گئیں اور اگر ایم کیوایم کے فارمولے پر کام کرلیا جاتا تو آج پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہوتا، لیکن اس کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کی جاتی رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کے خلاف منفی پروپیگنڈا کے ذریعے مظلوم عوام کو گمراہ کرنے کی ناکام کوششیں کرتے رہتے ہیں تاکہ ملک بھر کے مظلوم عوام کو ایم کیوایم کے انقلابی پیغام اور حق پرستانہ فکر وفلسفہ سے دور رکھا جاسکے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے تمام تر حق تلفیوں کے باوجود ملکی ترقی اور قوم کی فلاح و بہبود کیلئے اپنی عملی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق اپنی ذہنی تربیت کرنا ہوگی اور نظم وضبط کی سختی سے پابندی کرنا ہوگی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام حق پرستی گھر گھر پہنچانا ہوگا اور ملک کی ترقی اور عوام کے حقوق کے حصول کیلئے آواز حق بلند کرنا ہوگی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صدا پر لبیک کہنا ہوگا۔

## حق پرست قیادت قائد تحریک الطاف حسین کے نظریے کے مطابق عوامی خدمت میں مصروف عمل ہے، اکرم عادل
## اپنے ترقیاتی فنڈز سے پریٹ آباد میں صوفی صاحب کے آستانے سے مونوٹیکنک کالج روڈ تک سی سی گلیوں کی تعمیر افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

حیدرآباد:۔۔۔28اپریل2012ء

حق پرست رکن صوبائی اسمبلی اکرم عادل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت حق پرست قیادت کی اولین ذمہ داری ہے اور شہر بھر میں جاری ترقیاتی کام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کا منہ بولتا ثبوت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ترقیاتی فنڈز سے پریٹ آباد میں صوفی صاحب کے آستانے سے مونوٹیکنک کالج روڈ تک سی سی گلیوں کی تعمیر افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد سیکٹرسی کے ذمہ داران اور علاقے کے معززین سمیت بلدیہ اعلیٰ حیدرآباد کے افسران بھی موجود تھے۔ انہوں نے مذید کہا کہ حق پرست نمائندے قائد تحریک الطاف حسین کے نظریے کے مطابق عوامی خدمت میں مصروف عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد شہر قائد تحریک الطاف حسین کا شہر ہے اور اس شہر میں رہنے والے لوگ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے چاہنے والے ہیں اس لئے حیدرآباد شہر اور اسکے شہریوں کے مسائل اور انکی پریشانی کا خاتمہ حق پرست نمائندوں کا فرض ہے۔ انہوں نے حیدرآباد کے شہریوں کو بہتر سے بہتر سہولت فراہم کرنے اور شہر کی تعمیر وترقی میں متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے اور آگے بھی کرتی رہے گی۔

## ایم کیوایم سرائیکی وسیب کی محرومیاں دور کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، ندیم مرزا
## عوام اپنی آنے والی نسلوں کی بقاء اور سلامتی کیلئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے میدان عمل میں نکل آئیں

ملتان:۔۔۔28اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کے رکن ندیم مرزا نے کہا ہے کہ ایم کیوایم سرائیکی وسیب کی محرومیان دور کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، اور ایم کیوایم ہی غریب ومتوسط طبقے کی عوام کو انکے حقوق دلائے گی۔ ان خیلات کا اظہار انہوں نے شاہ رکن عالم ٹاؤن کے ذمہ داران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ملتان ڈسٹرکٹ انچارج سید زاہد بخاری اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ سرائیکی وسیب کے عوام اپنی آنے والی نسلوں کی بقاء اور بہتری کیلئے فرسودہ جاگیردارنہ نظام کے خاتمے میدان عمل میں نکل آئیں۔ انہوں ں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے عوام بالخصوص نوجوانوں کو متحد ومنظّم کا خاتمہ چاہتے ہیں اور اب وقت آ گیا ہے کہ مسائل زدہ لوگ آگے بڑھ کر متحدہ قومی موومنٹ کا ساتھ دیں۔

## شہراورشہریوں کوریلیف دینے کیلئے کوئی کسرنہیں چھوڑی جائیگی اوراپنی تمامترتوانائیاں بروئے کارلاتے ہوئے ہرپریشانی سے نمٹنے کیلئے اقدامات کئے جائیں گے، سہیل یوسف

حیدرآباد۔۔۔28اپریل2012ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف نے لطیف آباد میں صحت وصفائی اورمتوقع بارشوں ولوڈشیڈنگ کے حوالے سے انتظامیہ کے ساتھ میٹنگ کی۔میٹنگ میں تحصل لطیف آباد کے ایڈمنسٹریٹراورمختلف ڈیپارٹمنٹ کے افسران موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ شہرمیں واقع HDA کے پمپنگ اسٹیشنوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے تاکہ بارش کے دوران پانی کے نکاسی کے اقدامات کویقینی بنایا جائے اورجبکہ جن علاقوں میں پانی جمع ہونے کے امکانات ہیں ان علاقوں میں بجلی کی سپلائی معطل ہونے اوردیگرشکایات کودورکیے جانے کیلئے ہرممکن کوشش کی جائے ان علاقوں کےعوام کوفوری ریلیف دینے کیلئے حق پرست نمائندے نے حیسکواورHDA کے افسران کوبھی فوری اقدامات کیلئے ہدایت کی کہ عوام کی شکایات کودورکرنے کیلئے ہرممکن کوشش کی جائے تاکہ عوام کوبارش کے دوران مشکلات پیش نہ آئیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ حق پرست عوام کوہرقسم کی پریشانی اور مشکل حالات سے نمٹنے کیلئے ہرممکن اقدامات کیے ہیں اورحق پرست نمائندے ہروقت عوامی مسائل کے حل کیلئے عوام کے درمیان موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم وڈیروں اورجاگیرداروں کی نہیں بلکہ 98 فیصدغریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل کرتے ہوئے شہراورشہریوں کوریلیف دینے کیلئے کوئی کسرنہیں چھوڑی جائیگی اوراپنی تمامترتوانائیاں بروئے کارلاتے ہوئے ہرپریشانی سے نمٹنے کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔

## جاگیرداراوروڈیرے اب عام آدمی کوووٹ دینے کی تیاری کرلیں،عمران اعظم گاڈی
## موروثی سیاست کا خاتمہ قریب ہے،عوام فرسودہ نظام سے عاجزآچکے ہیں اورتبدیلی کے لئے ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں
## الطاف حسین نے متوسط طبقے کوسچ بولنے کی طاقت دی اورجاگیردارانہ نظام کے خلاف یکجا ہونے کا موقع دیا،ڈوگربرادری

ملتان۔۔۔27اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کے جوائنٹ انچارج عمران اعظم گاڈی نے کہا ہے کہ فرسودہ نظام کی تبدیلی کی جدوجہد جاری رہے گی،جنوبی پنجاب سے منتخب ہوکراقتدارکے ایوانوں میں پہنچنے والوں نے علاقے اورعوام کی محرومیاں دورکرنے کے لئے کام نہیں کیا،عوام انکے چہرے پہچان چکے ہیں اورآئندہ انتخابات میں اپنے ووٹ کی طاقت سے انہیں مستردکردیں گے جاگیرداراوروڈیرے اب عام آدمی کوووٹ دینے کی تیاری کرلیں۔موروثی سیاست کا خاتمہ قریب ہے،عوام فرسودہ نظام سے عاجزآچکے ہیں اور تبدیلی کے لئے ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں ان خیالات کا اظہارانہوں نے شیرشاہ ٹاؤن کے علاقے شاہ والا میں ڈوگربرادری کی اہم شخصیات سے ملاقات کے موقع پرکیا۔انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب سے غریب ومتوسط طبقے سے پڑھی لکھی نوجوان قیادت کوسامنے لایا جائے گا تاکہ علاقے اورعوام کے مسائل حل ہوسکیں۔زونل ممبرکلیم زبیرنے کہا کہ موروثی سیاست کے پروردہ جاگیرداروں نے اس ملک اوراسکی عوام کواپنی جاگیرسمجھ رکھا ہے۔انکی اپنی جائیدادیں اوربینک بیلنس کا خودانہیں بھی علم نہیں ہے جبکہ عام آدمی کے مسائل جوں کے توں موجود ہیں۔اس موقع پرڈسٹرکٹ انچارج سیدزاہد بخاری اورجوائنٹ ڈسٹرکٹ انچارج کرامت شیخ نے شاہ والا کی ڈوگربرادری کے رہنما ملک ذیشان ڈوگر،ملک شبیرڈوگر،اورملک فاروق ڈوگرکی اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت پرانکا خیرمقدم کیا۔ڈوگربرادری کے رہنماؤں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے پنجاب سمیت ملک بھرمیں اپنے لافانی فکروفلسفہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی کے سبب غریب ومحروم طبقات کو حق اورسچ بولنے کی طاقت دی اوروڈیرانہ،جاگیردارانہ نظام کے خلاف یکجا ہونے کا موقع دیا۔اس موقع پرایم کیوایم احمدپورشرقیہ کے جوائنٹ انچارج زاہدقریشی بھی موجود تھے جنہوں نے اس پروگرام کا اہتمام کیا۔

☆☆☆☆☆